## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

05 فروری 2026

# سورہ مُلک کی تلاوت



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5 منٹ (2): دُعا یاد کرنا: 5 منٹ (3): فکرِ مدینہ: 5 منٹ۔ کُل دورانیہ: 15 منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں 72 نیک اعمال میں سے ایک نیک عمل **سورۂ مُلک کی تلاوت** کے متعلق مفید ترین معلومات دی جائیں گی اور **سوتے وقت کی دعا** یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم!

## سورہ مُلک کی تلاوت

### دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی** صلی اللہ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: تم اپنی مجلسوں کو مجھ پر درود پڑھ کر آراستہ کرو بے شک تمہارا مجھ پر درود پڑھنا روزِ قیامت تمہارے لیے نور ہو گا۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　　صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

### نیک عمل نمبر 4

**پیارے اسلامی بھائیو!** اللہ پاک کے فضل سے امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے ہمیں سوالات کی صورت میں **نیک اعمال** کا رسالہ عطا فرمایا ہے تاکہ ہم ان سوالات کے ذریعے اپنا جائزہ لے کر گناہوں سے بچنے کے ساتھ ساتھ زیادہ سے زیادہ نیکیاں کر سکیں۔ آج ہم 72 نیک اعمال کے رسالے سے **نیک عمل نمبر 4:** کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

**نیک عمل نمبر 4:** کیا آج آپ نے رات میں **سورۂ مُلک** پڑھ یا سن لی؟[2]

---

1 ...مسند الفردوس، جلد: 2، صفحہ: 291، حدیث: 3330۔

2 ...نیک اعمال، صفحہ: 2۔

## آیت مبارکہ

اللہ پاک فرماتا:

اِنَّ الَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِیَةً یَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ۟ۙ﴿۲۹﴾ (پارہ:22، سورۂ فاطر:29)

ترجمۂ کنز العرفان: بیشک وہ لوگ جو اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور ہمارے دیئے ہوئے رزق میں سے پوشیدہ اوراعلانیہ کچھ ہماری راہ میں خرچ کرتے ہیں وہ ایسی تجارت کے امیدوار ہیں جو ہرگز تباہ نہیں ہوگی۔

اس آیت میں بیان کیا گیا کہ جو لوگ روزانہ قرآن کریم پڑھتے، نمازیں ادا کرتے اور اللہ پاک کی راہ میں مال خرچ کرتے ہیں، اللہ پاک ان کو بخشنے اور ان کے اعمال کی بھرپور جزا عطا فرمانے والا ہے۔[1]

تفسیر نور العرفان میں ہے: تلاوتِ قرآن کریم بہترین عبادت ہے اور یہ ایسی عبادت ہے اسے وظیفے کی نیت سے پڑھیں یا برکت کے لیے ہر طرح ثواب ملے گا، ہمیں چاہئے کہ ہم روزانہ استقامت کے ساتھ قرآن کریم کی تلاوت کریں۔[2]

## فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

۞ سرکارِ مدینہ، راحت، قلب وسینہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ عالی شان ہے: قرآن کریم میں 30 آیتوں پر مشتمل ایک سُورت ہے، جو اپنے پڑھنے والے کی شفاعت کرے گی، اور وہ سُورت **سورۂ مُلک** ہے۔[3] ۞ ایک اور روایت میں ہے: حضرت عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللہُ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص ہر رات سورۂ مُلک کی تلاوت کرتا ہے، اللہ پاک اسے عذابِ قبر سے محفوظ فرمادیتا ہے۔[4]

---

1 ... تفسیر جلالین مع حاشیہ صاوی، پارہ:22، سورۂ فاطر، تحت الآیۃ:29، جلد:3، صفحہ:84۔
2 ... تفسیر نور العرفان، پارہ:22، سورۂ فاطر، تحت الآیۃ:29۔
3 ... ترمذی، کتاب فضائل القرآن، باب ماجاء فی فضل سورۃ الملک، صفحہ:672، حدیث 2891۔
4 ... سنن الکبری للنسائی، جلد:9، صفحہ:262، حدیث:10479۔

**واقعہ:** ایک صحابی رَضِیَ اللّٰہُ عنہ نے ایک قبر پر خیمہ لگایا اور اُنہیں معلوم نہ تھا کہ یہاں قبر ہے۔ اچانک سے اُنہیں سورۂ مُلک پڑھنے کی آواز آئی (تو اُن صحابی رَضِیَ اللّٰہُ عنہ کو پتا چلا کہ یہاں قبر ہے) اُنہوں نے پیارے آقا، مدینے والے مصطفےٰ صلی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کی: یارسول اللہ صلی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم! میں نے ایک قبر پر خیمہ لگایا اور مجھے معلوم نہ تھا کہ یہ قبر ہے، مجھے اس قبر سے سورۂ مُلک پڑھنے کی آواز آئی، قبر والے نے مکمل سُورت پڑھی۔ تاجدارِ رسالت صلی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: یہ سُورت عذابِ قبر کو روکنے والی اور اِس سے نَجات دینے والی ہے۔[1]

## سورۂ ملک پڑھنے کے متعلق احکام

**(1):** مغرب کا وقت شروع ہونے سے لے کر صبحِ صادق (فجر کا وقت شروع ہونے) تک کسی بھی وقت سُورۂ مُلک پڑھنے سے بیان کی گئی فضیلت نصیب ہو جائے گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الکَرِیْم![2] **(2):** نماز میں زبانی سورۂ مُلک کی تلاوت کیجئے! یہ زیادہ افضل ہے۔[3] **(3):** سورۂ مُلک یا کوئی بھی سُورت چلنے اور کام کرنے کی حالت میں پڑھ سکتے ہیں جبکہ توجہ نہ ہٹے۔ **(4):** یوہیں لیٹ کر بھی پڑھ سکتے ہیں جبکہ قرآن کریم کا اَدَب اور تعظیم کا لحاظ کرتے ہوئے ❁ پاؤں سمیٹ لیے جائیں ❁ اور اگر لحاف وغیرہ اوڑھا ہو تو منہ باہر نکال لیا جائے۔[4] ❁ ہاں اِس بات کا بھی خیال رکھیں کہ بستر پاک ہو۔

**نوٹ:** بعض اوقات لیٹ کر کچھ پڑھتے ہوئے نیند کا غلبہ ہو تا ہے، اِس صورت میں سورۂ مُلک یا جو سُورت پڑھ رہے ہیں اُٹھ کر مکمل کر لیجئے کہیں ایسا نہ ہو کہ پڑھنا تو کچھ اور چاہتے ہوں اور زبان سے کچھ اور نکل جائے۔

---

1 ...ترمذی، کتاب فضائل القرآن، باب ماجاء فی فضل سورۃ الملک، صفحہ: 672، حدیث: 2890۔

2 ...فتاویٰ اہلسنت، فتویٰ نمبر: HAB-0661۔

3 ...شعب الایمان، التاسع عشر...الخ، باب فی تعظیم القرآن، فصل فی استحباب...الخ، جلد: 2، صفحہ: 412، حدیث: 2242، بتغیر۔

4 ...غنیۃ المتملی، صفحہ: 496۔

## سورۂ مُلک پڑھنے کے فائدے

❁ سورۂ مُلک اپنے پڑھنے والے کی شفاعت کرے گی اور ❁ سورۂ مُلک پڑھنے والے کو بخش دیا جائے گا۔[1] ❁ سورۂ مُلک کی تلاوت کرنا جنت میں داخلے کا سبب ہے ❁ جو سوتے وقت سورۂ ملک کی تلاوت کرے اُس کے لیے ❁.. 30 نیکیاں لکھی جائیں گی ❁.. 30 گناہ مٹا دیئے جائیں گے ❁.. 30 درجات بلند کر دیئے جائیں گے۔[2] ❁ جو رات کے وقت سورۂ ملک کی تلاوت کرتا ہے ایک فرشتہ اُس پر اپنے پر پھیلا دیتا ہے اور وہ اُس کے بیدار ہونے تک ہر چیز سے حفاظت کرتا ہے ❁ ہر رات سورۂ ملک کی تلاوت کرنے والا عذابِ قبر سے محفوظ رہے گا۔[3]

## سورۂ مُلک پڑھنے کی عادت بنانے کے طریقے

❁ سورۂ مُلک پڑھنے اور تلاوت قرآن کے فضائل و فوائد پیشِ نظر رکھئے ❁ تلاوت قرآن کے متعلق بزرگانِ دین کے واقعات پڑھئے ❁ سورۂ مُلک کی تلاوت کے لیے رات کا وقت خاص کر لیجئے اور روزانہ وقت مقررہ پر سورۂ مُلک کی تلاوت کیجئے ❁ گھر یا مسجد وغیرہ میں روزانہ اجتماعی طور پر سورۂ ملک کی تلاوت کیجئے ❁ سورۂ مُلک زبانی یاد کر لیجئے۔

**پیارے اسلامی بھائیو!** آج ہم نے نیک عمل نمبر 4: کے مطابق **سورۂ مُلک پڑھنے** کے عنوان پر مفید ترین معلومات حاصل کیں، نیت کیجئے کہ روزانہ رات کو سورۂ ملک پڑھ کر سویا کریں گے۔ اِنْ شآءَ اللہُ الکَرِیْم!

اللہ پاک عمل کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین بجاہِ خاتمِ النبیین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

---

1 ... ابو داود، کتاب شھر رمضان، باب فی عددِ الآی، صفحہ: 230، حدیث: 1400، ملخصاً۔

2 ... مسند الفردوس، جلد: 1، صفحہ: 62-63، حدیث: 179 ملخصاً۔

3 ... مسند الفردوس، جلد: 1، صفحہ: 62-63، حدیث: 179 ملخصاً۔

# سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

## سوتے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیَا

**ترجمہ:** اے اللہ! پاک میں تیرے نام کے ساتھ ہی مرتا اور جیتا ہوں (یعنی سوتا اور جاگتا ہوں)۔[(1)]

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُورَۃُ الْمُلک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُورَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُ الاِیمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرُود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃُ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃُ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25): سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27): ایک مشت داڑھی ہے؟ (28): گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29): سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟ (30): مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31): کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟ (32): ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟ (33): تہجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34): اَوَّابِین یا اِشْراق و چاشت پڑھیں؟ (35): عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟ (36): 12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟ (37): دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟ (38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے

---

1 ... بخاری، کتاب الدعوات، باب وضع الید الیمنی تحت الخد الایمن، صفحہ: 1560، حدیث: 6314۔

بچے؟(39):کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40):ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44):مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللّٰہ پڑھی؟(47):چوک درس دیا یا سنا؟(48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟(49):اِسْرَاف سے بچے؟(50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51):تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟(53):فضول باتوں سے بچے؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟(56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

۞ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ۞ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ۞ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعْتِکَاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟